سوال

(962)پنجاب سے گدون نوکری پر جانے والا نماز قصر کہاں کرے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی پنجاب سے نوکری کےلیے گدون امازئی آتا ہے ۔ اس کی نوکری پکی ہو اور وہ ہفتہ وار گھر کو جاتا ہے اس کی گدون میں نمازیں قصر کی ہوں گی یا وہ پوری نمازیں پڑھے گا ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے شخص کو گھر جا کر نماز پوری پڑھنی ہوگی کیونکہ اب یہ مسافر نہیں رہا بلکہ مقیم بن گیا ہے البتہ دورانِ سفر قصر کرے گا جس طرح کہ محل ملازمت میں بھی نماز پوری پڑھنی ہوگی اس لیے کہ یہ بھی حکماً اقامت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :789

محدث فتویٰ